http://www.jmi.ac.in

دفتر افسر اعلیٰ تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ

پریس ریلیز

جامعہ ملیہ اسلامیہ کو قیو ایس ورلڈ یونیورسٹی رینکنگ دو ہزار ستائیس میں اب تک کی سب سے بہتر رینکنگ ملی؛ جامعہ نے پچھتر مقام کی چھلانگ لگا کر چھ سو چھیاسیواں عالمی مقام حاصل کیا۔ بھارت کی بیس سرکردہ یونیورسٹی میں شامل ہوئی

New Delhi, June 18, 2026

جامعہ ملیہ اسلامیہ قیو ورلڈ یونیورسٹی رینکنگ دو ہزار ستائیس میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے پچھتر مقام کی چھلانگ کے ساتھ چھ سے چھیاسویں عالمی پوزیشن پر پہنچ گیا۔کل شام جاری شدہ باوقار درجہ بندی میں جامعہ، بھارت کے بیس سرکردہ یونیورسٹیوں شامل ہوگئی ہے۔عزت مآب پروفیسر مظہر آصف، شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ اور پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی مسجل، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے اس شان دار کارکردگی پر جامعہ برادری کو دل کی گہرائیوں سے مبارک باد پیش کی ہے۔

قیو ایس ورلڈ یونیورسٹی رینکنگ میں جامعہ کے اب تک کے مظاہرے سے اس کی پائے دار ترقی کا اندازہ ہوتا ہے ۔دو ہزار چار کی عالمی رینکنگ :ایک ہزار سے نو سو اکیاون ،دو ہزار پچیس کی قیو ایس ورلڈ رینکنگ میں نو سے آٹھ سو اکیاون اور دو ہزار چھبیس کی عالمی رینکنگ میں سات سو ستر سے سات سو اکسٹھ میں اس کی موجودہ عالمی رینکنگ چھ سو چھیاسی اس کی کارکردگی میں مسلسل بہتری کے رجحانات سامنے آئے ہیں۔

قیو ایس کی بہتر درجہ بندی جامعہ ملیہ اسلامیہ کی بڑھتی ہوئی بین الاقوامی ساکھ اور اس کی تعلیمی برادری کی اجتماعی مساعی کو اجاگر کرتی ہے۔جن شعبوں میں اہم کارکردگی رہی ان میں اعلی عالمی رینک (چھ سو چھیاسی) مجموعی بہتر اسکور (پچیس اعشاریہ نو) بڑے پیمانے پر حوالہ جات کے توسط سے مضبوط تحقیقی اثر، بہتر تعلیمی ساکھ، بین الاقوامی طلبہ کے اندراج میں اضافہ، گریجویٹ طلبہ کے پلیسمنٹ کے بہتر امکانات اور جملہ علوم وفنون سے متعلق تحقیق میں بڑے پیمانے پر توسیع شامل ہیں۔

عزت مآب پروفیسر مظہر آصف، شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے اس اہم سنگ میل پر مسرت اور فخر کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ’’عالمی سطح کے اداروں میں جامعہ ملیہ اسلامیہ کا نام آنا قیو ایس ورلڈ رینکنگ کے اہم اشارات میں اس کی بہترین، اعلی ترین اور جامع کارکردگی کا ثبوت ہے‘‘۔ پروفیسر آصف نے مزید کہا کہ ’’میں جامعہ کے تمام فیکلٹی اراکین، محققین، سائنس دانوں اور طلبہ کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں جن کی شان دار علمی شراکت اور اعلی معیاری تحقیق نے اس بات کو یقینی بنایا کہ جامعہ نے اب تک کی قیو

ایس رینکنگ میں اپنا سب اعلی مقام حاصل کرتے ہوئے ملک کے بیس اعلی اداروں میں اپنی جگہ بنائی ہے۔آیندہ برسوں میں اپنی کارکردگی کومزید بہتر کرنے کے لیےاوربھی تن دہی سے کام کریں گے۔''

پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی، مسجل ، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے جامعہ کی شان دار بین الاقوامی رینکنگ کواس کے تدریسی وغیرتدریسی عملہ کی کاوشوں سے منسوب کرتے ہوئے کہا کہ 'یونیورسٹی کا سات سوایکسٹھ سے سات سوستر سے عالمی سطح پر چھ سو چھیاسی ویں نمبر پرآنااس کی تیزی سے جدید تحقیق،قومی اور بین الاقوامی سطح پرعلمی شعبے میں اس کے مثبت اثر کونشان زد کرتا ہے۔یہ امر باعث اطمینان ہے کہ جامعہ قومی سطح پربیس سرکردہ اداروں میں شامل ہے۔میں اس موقع پرحکومت ہند،خاص طور پرعزت مآب وزیرتعلیم کی جانب سے جامعہ کوحاصل ان کی غیرمتزلزل حمایت کے لیےان شکریہ ادا کرتا ہوں۔

پروفیسرآصف اور پروفیسر رضوی نے انٹرل کوالیٹی ایشورینس سیل (آئی قیواےسی) کی ڈائریکٹر پروفیسر رفعت پروین اور ان کی ٹیم کے کام کوتمام اہم قومی اور بین الاقوامی درجہ بندیوں میں سال بھرمیں جامعہ کی مسلسل اعلی کارکردگی کویقینی بنانے کے لیے سراہا۔قیوایس ورلڈرینکنگ دوہزارستائیس میں اس سال کی چھلانگ بڑی حدتک یونیورسٹی کےتحقیقی اثرات میں بہتری اورتعلیم و ملازمت وروزگار کے پیمانوں میں اس کی روزافزوں بین الاقوامی ساکھ کے باعث ہوئی ہے۔ڈائریکٹر قیوآئی اےسی نے کہا کہ یہ کامیابی یونیورسٹی کی تعلیمی فضیلت،تحقیق،اختراع،ملازمت اور عالمی مصروفیت کے لیےمسلسل عزم کی عکاسی کرتی ہے۔قیوایس ورلڈرینکنگ دنیا بھرسےاپنی نوعیت کےسرکردہ اداروں کی سب سے جامع درجہ بندی ہےجس میں میں لاکھوں علمی مقالات کے ڈیٹاپوائنٹس کےساتھ ساتھ لاکھوں ماہرین تعلیم اورآجروں کےرجحانات کاپیش کرتی ہے۔

پروفیسرصائمہ سعید
افسراعلی،تعلقات عامہ
جامعہ ملیہ اسلامیہ